السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے اپنی بیوی کوایک مجلس میں تین طلاقیں دے دیں ہیں کیا وہ مطلقہ بیوی سے رجوع یا نکاح کر سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں :

(كَانَ الطَّلَاقُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ ا ﷺ وَاَبِیْ بَكْرٍ وَسَنَتَيْنِ مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ طَلَاقُ الثَّلَاثِ وَاحِدَةٌ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّ النَّاسَ قَدِ اسْتَعْجَلُوا فِي اَمْرٍ كَانَتْ لَهُمْ فِيهِ اَنَاةٌ فَلَوْ اَمْضَيْنَاه فَاَمْضَاهُ عَلَيْهِمْ » (صحیح مسلم جلد اول صفحہ 477 »

''رسول اللہ ﷺ ابو بکر صدیق اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ابتدائی دو سالوں میں اکٹھی تین طلاقیں ایک ہی شمار ہوتی تھیں پھر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس کام میں لوگوں کے لیے سوچ و بچار کی مہلت دی گئی تھی اس میں انہوں نے جلدی کی اگر ہم ان پر تینوں لازم کر دیں تو انہوں نے اس فیصلے کو ان پر لازم کر دیا''

اس حدیث سے ثابت ہوا صورت مسئولہ میں دی ہوئی تین طلاقیں ایک طلاق ہے تو اگر یہ تیسری طلاق نہیں تو عدت کے اندر رجوع بلا نکاح اور عدت کے بعد نیا نکاح مطلقہ بیوی کے ساتھ درست ہے قرآن مجید میں ہے :

وَإِذَا طَلَّقْ تُمُ لنِّسَآءَ فَبَلَغْ نَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْ ضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْ نَ أَزْ وَٰجَهُنَّ إِذَا تَرَٰضَوْ ا۟ بَيْ نَهُم بِٱ لْ مَعْ رُوفِ -بقرة232

''اور جب طلاق دو تم عورتوں کو پس پہنچیں عدت اپنی کو پس مت منع کروان کو یہ کہ نکاح کریں خاوندوں اپنے سے جب راضی ہوں آپس میں ساتھ اچھی طرح کے''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طلاق کے مسائل ج1ص344

محدث فتویٰ